© rasailojaraid.com



# سینیٹ کے انتخاب میں مولانا سمیع الحق کی دوبارہ کامیابی پر

## اہل اسلام کی مسرتیں، تبریکات، دعائیں اور توقعات

گذشتہ ماہ حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ کے سینیٹ کے الیکشن میں دوبارہ کامیاب ہونے پر ملک و بیرون ملک علمی و دینی اور سیاسی حلقوں اور عامۃ المسلمین نے بے حد مسرتوں، تبریکات، دعاؤں اور توقعات کا اظہار کیا ہے۔ صدر، وزیر اعظم، فوجی جرنیلوں، مرکزی کابینہ، صوبائی وزرائے اعلیٰ، ارکان پارلیمنٹ، قومی راہنماؤں، اکابر علماء و مشائخ کے علاوہ کثیر تعداد میں عامۃ المسلمین، محبین و مخلصین کے اخلاص و محبت پر مبنی تاریں، پیغامات اور تہنیت نامے موصول ہوئے اور یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے۔ ان ہزاروں پیغامات اور خطوط سے عام لوگوں کے علماء حق اور دینی قیادت سے وابستگی کے استحکام کے ساتھ نفاذ شریعت کیلئے ان کے جذبات کی عکاسی بھی ہوتی ہے۔ مشتے نمونے از خروارے کیف ما اتفق چند ایک خطوط کے اقتباس نذر قارئین ہیں۔

(ادارہ)

- دوبارہ ممبر منتخب ہونے پر ہم سب کی طرف سے مبارکباد اور ہمارے وفاق کی جانب سے مکمل حمایت کی یقین دہانی پیش خدمت ہے۔ (مولانا عبداللطیف وفاق العلماء اہل سنت خوشاب)
- ہم ہانگ کانگ میں آپ کی کامیابی کی خبر سنکر بے حد خوش ہوئے۔ ہم سب دوستوں کی طرف سے مبارکباد۔ (غلام حبیب، ہانگ کانگ)
- پرخلوص مبارکباد قبول فرمائیں۔ (میر صاحب خان، لاہور)
- نیا لائحہ عمل، نئے عزائم اور دوبارہ کامیابی پر اس درویش کا ہدیۂ تبریک قبول فرمائیں۔ (سید نیک عالم شاہ، جہلم)
- ہم صمیم قلب سے مولانا سمیع الحق صاحب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ جن کی صدائے حق سے حکومت کے ایوان لرز اٹھتے ہیں۔ روافض کی امامت کا انکار کرنا تو اہلسنت کے دل جیت لینا ہے۔ (امیر عمر اعوان انجمن سپاہ صحابہ، کراچی)
- آپ کی پالیسی صاف اور کارہائے دین نمایاں ہیں، اکابرین کی یاد تازہ کردی، دوبارہ کامیابی پر دلی مبارکباد قبول فرمائیں۔ (صوفی نور حسین، سمندری ضلع فیصل آباد)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- بی بی سی لندن سے آپ کی کامیابی کی خبر پر یہاں کے تمام احباب خوش ہوئے، اللہ نے پھر سے آپ کو اسمبلی کلامِ حق بولنے کا موقع فراہم کر دیا۔ (مولانا ارشاد احمد، ابوظہبی)
- میری طرف سے اور تمام عملۂ قصر ناز کی طرف سے مبارکباد قبول فرمائیے۔ (محمد رازق وساقی، کراچی)
- آپ کی سیاسی مساعی اور شریعت بل کے بارے میں کوششیں قابلِ تحسین ہیں، خدا نے اس مشن کو آگے بڑھا کا موقع بخش دیا، مبارکباد قبول فرمائیں۔ (مولانا) عبدالحمید، ڈیرہ غازیخان)
- دوبارہ سینیٹر منتخب ہونے پر مبارکباد قبول ہو۔ (قاری محمد اشرف، بہاولنگر)
- سینٹ کا ممبر بننے پر مبارکباد قبول فرمائیں۔ (شاہنواز کھیتران)
- تہہ دل سے مبارک ہو۔ (انیس الرحمٰن، لاہور)
- حاسدوں کی شدید مخالفت اور سازشوں کے باوجود اللہ تعالیٰ نے کامیابی سے نوازا، مبارک ہو۔ (محمد ادریس، ڈیرہ غازیخان)
- مبارک صد مبارک۔ (مولانا) عبدالقیوم قریشی، واہ کینٹ)
- یہاں کے تمام علماء اور خطباء کی طرف سے دلی مبارکباد اور مزید کامیابیوں کی دعائیں۔ (مولانا) جلیل اللہ نور، لاہور کینٹ
- متحدہ علماء کونسل پاکستان کی طرف سے مبارکباد عرض ہے اور شریعت بل کے نفاذ کے لیے بھرپور مساعی کے توقعات۔ (عبدالرؤف ملک، سیکرٹری جنرل متحدہ علماء کونسل پاکستان، لاہور)
- پاکستان مسلم لیگ (قیوم گروپ) کی طرف سے کامیابی پر مبارکباد قبول ہو۔ (رانا منور خان، صدر مسلم لیگ)
- حالیہ انتخابات میں منتخب ہونے پر دلی مبارکباد قبول فرمائیے، اب شریعت کو نافذ کرانے میں مساعی جمیلہ مزید ہوں گی۔ (مولانا اسعد تھانوی، کراچی)
- ہم ہر وقت دعاگو ہیں کہ سینٹ میں کامیابی کی طرح نفاذِ شریعت کی مہم میں بھی کامیابی ہو۔ (مولانا بہرام خان جنوبی وزیرستان)
- سیاسی میدان میں ہر ملی مسئلہ پر آپ کی دوٹوک رائے اور دلیرانہ موقف کے مخالفین بھی معترف ہیں، سینٹ میں کامیابی پر اسے مزید شہ ملے گی۔ (پروفیسر عبداللطیف خان سیکرٹری امور دینیہ آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر)
- بندہ نے ژاور افغانستان میں ریڈیو پر آپ کی کامیابی کی خبر سنی، سب مجاہدین کے دل بہت خوش ہوئے مز کامیابی کے لیے ہم سب ہر وقت دعاگو رہتے ہیں۔ (اللہ وسایا قاسم، حرکۃ المجاہدین)
- پاکستان کی خبروں سے آپ کی کامیابی کا مژدہ سنا، ہم سب کی طرف سے دلی مبارکباد، ہم سب کی دلی دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ (فخر عالم، سعودی عرب)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- سینٹ میں کامیابی اور خلیج کے مسئلہ پر موقفِ حق کے اختیار کرنے اور جرأت سے اس کے اظہار پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ (عبدالوہاب واحد بن ہاشم، کراچی)
- سینٹ میں کامیابی اور خواتین کے لیے شریعت کے مطابق حصولِ حقوق کی جدّ وجہد پر مبارکباد قبول فرمائیں۔ (بیگم سردار خادم حسین راہنما اسلامی جمہوری اتحاد، لاہور)
- آپ کے اہم قومی و ملی مسائل میں درست مؤقف، اظہارِ حق اور سینٹ میں کامیابی کو ہم سب خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ (مولانا عبداللہ و حاجی یار محمد مکران)
- سینٹ میں آپ کا دوبارہ آنا دینی قوتوں کی تقویت کا باعث ہے۔ (اختر راہی، واہ کینٹ)
- مبارکباد! اس دور میں علماء حق کی لاج رکھنے والے باقی ہیں، آپ نے تو پورا پورا حق ادا کر دیا۔ (مولانا اللہ داد صدیقی بھکھ
- مبارکباد! آپ نے ہمیشہ علماء حق کی لاج رکھی، دعا ہے کہ دینِ حقہ کی تائید و توثیق کی مزید توفیق ارزانیاں ہوں۔ (مولانا محمد عالم مدیر جامعہ فاروقیہ شیخوپورہ)
- میری اور اہلیانِ قصور کی طرف سے مبارکباد، باطل قوتوں کی سازشیں خاک میں مل گئیں، آپ کے منتخب ہونے سے علماء کا وقار بلند ہوا ہے۔ (شبیر احمد عثمانی، قصور)
- آپ کی کامیابی ایوانِ بالا میں حق کی فتح کی علامت ہے۔ (مولانا میاں نور بادشاہ، سوات)
- سینٹ میں آپ کی کامیابی پر بے حد خوشی ہوئی۔ (حکیم محمد صادق، مولانا گل محمد، رسالپور)
- دوبارہ منتخب ہونے پر مبارکباد سینٹ میں آپ کی نفاذِ اسلام کی مساعی ناقابلِ فراموش ہیں۔ (مولانا عمر خان مہتمم مدرسہ خزینۃ العلوم، تاجہ زئی)
- دوبارہ انتخاب مبارک، پھر سینٹ میں نور جہاں پانیزئی (عورت) کو ڈپٹی چیئرمین کے لیے ووٹ نہ دینے اور شرعی نقطۂ نظر سے تمام ایوان کو آگاہ کرنے پر آپ نے جس اسلامی جرأت کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابلِ صد تحسین ہے۔ (مولانا ملوک علی صدر جمعیۃ علماء اسلام اوگی و قاری عبدالرشید مانسہرہ)
- صد مبارک باد۔ (حکیم محمد عجیب خان فقیر زادہ، کرک)
- سینٹ کے ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب میں آپ نے جس جرأت اور اعلاء کلمۃ الحق کے لیے جس بلند طرزِ عمل کا ثبوت پیش کر دیا اس پر میں آپ کو تہہ دل سے مبارکباد دیتا ہوں ؎

آئینِ جواں مرداں حق گوئی و بیباکی  اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

آپ نے سلف صالحین اور مولانا حسرت موہانی ؒ کی یاد تازہ کر دی اور خدا کی شریعت کے مقابلے میں کسی چیز کو حائل نہیں ہونے دیا، آپ نے دوسروں کیلئے ایک مثال قائم کر دی۔ (مولانا راحت گل مہتمم مرکز العلوم الاسلامیہ پشاور)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- آپ خالص اسلامی سیاست کے محرک ہیں، اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے آپ کو کامیابی عطا فرمائی۔ (ڈاکٹر ابو عبداللہ عبدالطاہر قریشی، پشاور)
- سینٹ میں کامیابی پر تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (محمد زین العابدین سوات)
- اخبار سے معلوم ہوا، ہزار ہزار مبارک باد۔ (مولانا محمد یونس حقانی، کوہاٹ)
- آپ ہمیشہ سے علماء حق کی آواز کو ایوان میں اٹھاتے ہیں، خدا نے پھر موقع دے دیا، مبارکباد قبول فرمائیں۔ (ڈاکٹر محمد یوسف، چکیسر سوات)
- دوبارہ ایوان میں شریعت بل کا مسئلہ اٹھانے کا موقع مل جانے پر مبارکباد قبول فرمائیں۔ (مولانا محمد اکبر دین حقانی، بنوں)
- آپ نے جرأت اور ہمت کے ساتھ اسلام دشمن عناصر کا مقابلہ کیا، تحریک نفاذ شریعت کو منزل مقصود تک پہنچانے کے لیے دوبارہ سینٹ کا ممبر منتخب ہونے پر مبارکباد۔ (ڈاکٹر گوہر علی صدر اسلامی جمہوری اتحاد، امان گڑھ)
- سینیٹر کی حیثیت سے دوبارہ تقرری پر دلی مبارکباد قبول فرمائیں۔ (صدر خان خٹک پروگرام منیجر پاکستان سنٹر)
- پرخلوص مبارکباد قبول فرمائیے۔ (فیض احمد صدیقی سابق رئیس بلدیہ نواب شاہ)
- کروڑپتیوں کے ساتھ مقابلے میں جیتنا ایک کرامت ہے، مبارک ہو۔ (مولانا قاری محمد یوسف مہتمم مدرسہ عربیہ اسلامیہ ڈیرہ اسمٰعیل خان)
- آپ کی کامیابی سے شریعت بل کی تحریک کو مزید تقویت ملے گی، مبارکباد۔ (محمد شاہد انجم خانیوال)
- سینٹ میں کامیابی اور ڈپٹی چیئرمین کے عہدہ کے لیے عورت کے انتخاب کے سلسلہ میں آپ کے رویہ اور طرز عمل پر ہم خراج تحسین اور مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ (اسمٰعیل ذبیح اللہ ایڈووکیٹ ساہیوال)
- دل کی گہرائیوں سے مبارکباد۔ (محمد نصراللہ و رفقاء، ڈیرہ غازی خان)
- آپ کا ایوان بالا کیلئے ممبر منتخب ہونا باعث مسرت اور نفاذ شریعت کیلئے خوش آئند ہے۔ (محمد شعیب بیگ واہ کینٹ)
- دوبارہ سینیٹر منتخب ہونے پر تمام علماء و اراکین جمعیۃ ضلع جھنگ کی طرف سے مبارکباد۔ (مولانا محمد یٰسین، جھنگ)
- شریعت بل پاس کرانے کے لیے اللہ کریم نے دوبارہ منتخب فرمایا۔ ہم سب کی طرف سے مبارک قبول ہو۔ (مولانا طفیل احمد جالندھری فاضل دیوبند، اوکاڑہ)
- آپ جیسے علماء حق کا وجود ایوان بالا کے لیے باعث عزت و تکریم ہے۔ (محمود عالم گورنمنٹ کالج پنڈدادنخان)
- آپ کی تاریخ ساز خدمات، شریعت بل کی تیاری و تحریک، عورت کی سربراہی کے خلاف جہاد، خلیجی جنگ میں موقف حق، خواتین کی مخصوص نشستوں کے خلاف اعلان حق اور جہاد افغانستان اور دوبارہ کامیابی پر مبارک باد۔ (مولانا عبدالسلام و مولانا محمد صابر، حضرو)
- آپ کی عظیم الشان کامیابی اور عظیم دینی خدمات پر ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ (خالد محمود وٹو ایڈووکیٹ)



© rasailojaraid.com